ڈاکٹر حبیب الرحمن

ڈاکٹر حبیب الرحمن کراچی سے تعلق رکھنے والے ایک معروف مفکر، محقق اور عالم دین ہیں، آپ سادہ طبعیت، شائستہ زبان اور عمدہ اخلاق کے مالک ہیں، آپ سیرت انسائیکلوپیڈیا پروجیکٹ کے بانی مفکر اور نظریہ ساز ہیں ، یہ انسائیکلوپیڈیا سو سے زائد جلدوں پر مشتمل ہو گا، یہ پروجیکٹ اسلامی تاریخ میں سیرت طیبہ کا سب سے بڑا تحقیقی منصوبہ ہے، اب تک مجموعی طور پر اس کی چھ جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں، ہر جلد کی ضخامت کم و بیش ہزار صفحات پر مشتمل ہے، اس انسائیکلوپیڈیا کو ابتدائی طور پر اردو اور انگلش دو زبانوں میں پیش کیا جارہا ہے، بعد ازاں اسے دیگر زبانوں میں بھی پیش کیا جائے گا۔

آباءواجداد

آپ کا تعلق اکابر علمائے دین کے خانوادے سے ہے، آپ کے والد محترم شیخ الحدیث والتفسیر علامہ سعید الرحمن رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کے نامور علمائے دین میں سے تھے اور ہزاروں علمائے کرام ان کے شاگرد تھے، آپ کے دادا مولانا محمد اسماعیل خوابوں کی صحیح تعبیر بتانے کے بڑے ماہر تھے، اسی وجہ سے لوگ انہیں سیرینِ وقت کہتے تھے، آپ کے پردادا حاجی عبداللہ عظیم المرتبت روحانی شخصیت تھے، آپ ہزاروں مریدین کے مرشد اور لاکھوں لوگوں کے لیے روحانی فیوض وبرکات کا مرکز تھے، آپ کا ننھیال بھی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بزرگوں کا گہوارہ رہا ہے، آپ کے خاندان کے بہت سے علماء کرام آج بھی پاکستان اور دنیا بھر میں دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، آپ کے خاندان کی خوش بختی ہے کہ اس میں زیادہ تر بچے حفظ قرآن کی دولت سے مالا مال ہیں۔

تعلیم

آپ نے ابتدائی دینی تعلیم اپنے والد محترم سے حاصل کی جبکہ مروجہ علوم وفنون، دورہ حدیث اور تخصص فی القرآن کی تکمیل عالم اسلام کی نامور درسگاہ جامعہ علیمیہ اسلامیہ، المرکز الاسلامی سے کی، آپ نے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری جامعہ کراچی سے حاصل کی۔

تدریس

آپ نے تدریس کی ابتداء جامعہ علیمیہ اسلامیہ سے کی، اس کے بعد آپ انیس سال تک ایک ادارے سے مدرس اور پھر صدر مدرس کے طور پر وابستہ رہے، یہ ادارہ اولیول اور اے لیول کے اعتبار سے کراچی کے بڑے اور نامور اداروں میں شمار ہوتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ آپ کئی نجی جامعات، کلیات اور اداروں کے ساتھ اعزازی استاد اور مشیر تعلیم کے طور پر وابستہ رہے ہیں۔

زبانوں پر مہارت

آپ اردو کے بہترین ادیب اور خطیب ہیں، آپ کی عمدہ تحریریں اور اعلی خطابات اس کا بین ثبوت ہیں، آپ انگلش اور عربی زبان بھی روانی سے بولنے اور لکھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔

کتب ورسائل

آپ سیرت انسائیکلوپیڈیا کی مجلس ادارت کے سربراہ ہونے کے ساتھ ساتھ کئی کتب ورسائل کے مصنف بھی ہیں، آپ کی تحریریں وقتاً فوقتاً بہت سے رسائل و جرائد میں چھپتی رہی ہیں، جن میں کاروان قمر، ماہنامہ الاشرف، ماہنامہ مراۃ العارفین اور مجلۃ التفسیر وغیرہ شامل ہیں۔

کارہائے نمایاں

آپ نے کیمبرج کے اولیول کے نصاب کیلئے اسلامیات کی ایک کتاب لکھی جس کو کیمبرج بین الاقوامی امتحانی بورڈ نے دنیا بھر میں اولیول اسلامیات کے طلباء کے لیے مفید کتاب کے طور پر نامزد کیا ہے۔(یہ کتاب آپ نے ڈاکٹر ثاقب محمد خان صاحب کے ساتھ مل کر تصنیف کی تھی)۔

آپ کراچی کے مشہور علاقوں کلفٹن اور ڈیفنس میں سینکڑوں خطابات دے چکے ہیں جنہیں سننے کے لیے خلق خدا کی کثیر تعداد جمع ہوا کرتی تھی۔

آپ پاکستان کے مشہور ٹی چینل پر بھی بہت سے پروگرام کر چکے ہیں جن میں کیو ٹی وی، جیو نیوز اور نور ٹی وی وغیرہ شامل ہیں۔

آپ نے دلشاد بیگم فاؤنڈیشن کی بنیاد اس کے موجودہ صدر عمران قریشی صاحب کے ساتھ مل کر رکھی، جو معاشرے میں تعلیم کو عام کرنے، ضرورت مندوں کی کفالت کرنے، بیماروں کے علاج معالجے اور ناداروں کو راشن فراہم کرنے میں دن رات مصروف ہے۔